صفحہ نمبر

1. (واذا سمعوا ما انزل الی الرسول تری اعینھم تفیض من الدمع مما عرفوا من الحق) 293

ترجمہ :- اور جب وہ سنتے ہیں وہ جو رسول کی طرف نازل کیا گیا تو تم دیکھو گے کہ ان کی آنکھوں کہ وہ آنسوؤں سے ابل پڑتی ہے اس لیے کہ وہ حق کو پہچان گئے۔

2. (مِمّا عَرَفوا) اصل میں کیا تھا؟ نیز (مِن الحق) میں (مِن) کونسا ہے۔ بیان کریں؟ ״

مِمّا عَرَفُوا میں (مِنْ) ابتدائے غایت کیلئے ہیں اور یہ آنسو بہانا ابتدائے تھا۔ مِمّا اصل میں (مِنْ ما) تھا۔ کہ حق کی پہچان کی وجہ سے پیدا ہوا ہے

(مِنْ) تبعیضیہ ہے کہ انہوں نے حق کو پہچانا۔ جس نے ان کو رلا دیا۔

3. فیض کا کیا مطلب ہے تحریر کریں؟ ״

فیض کا مطلب :-

1) ان کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہیں۔ یہاں تک کہ بہہ پڑیں۔ کیونکہ برتن کا بہنا اس کے بھر جانے کے بعد ہوتا ہے۔ 2) یا ان کے رونے کے وصف میں مبالغہ مقصود ہے

4. (یقولون ربّنا امنّا) میں یقولون کس سے حال بن رہا ہے؟ 294

یقولون یہ عَرَفُوا میں فاعل کی ضمیر سے حال واقع ہو رہا ہے۔

Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر

5 ( مالنا لا نؤمن باللہ ) کی ترکیب بیان کریں؟ 11

(ومالنا آیۃ) یہ مبتدا اور خبر ہے اور لا نؤمن اس کا حال ہے

6 ( مع القوم الصالحین ) میں صالحین سے کون لوگ مراد ہے؟ 11

صالحین سے انبیاء اور مومنین ہے۔

7 اہل معرفت نے عارف کے لیے کتنی اور کون کونسی چیزوں کو ضروری قرار دیا ہے؟ 11

اہل عارف میں تین چیزوں کا پایا جانا ضروری ہے۔

1) سختی پر رونا 2) عطاء پر دعا کرنا 3) قضاء پر راضی ہونا

8 ( ان المومن حلو یحب الحلاوۃ ) حدیث پاک کا ترجمہ کریں؟ 295

بے شک مومن خود میٹھا ہے حلوہ کو پسند کرتا ہے۔

9 ( ولکن یواخذکم بما عقدتم الایمان ) کا ترجمہ کریں؟ 11

ترجمہ:- لیکن وہ ایسی قسموں پر مؤاخذہ فرماتا ہے جن کو تم باندھ دو۔

10 عقد کا معنی بیان کریں؟ 11

عقد:-

موافقت پر پختہ ارادہ کرنا۔

امام شافعی کا تز دیک ہ۔ دل سے ارادہ کرنا۔

11 قسم کا کفارہ کیا ہے؟ 11

قسم کا کفارہ:-

دس مسکینوں کو کھانا دینا اس کھانے کا

صفحہ نمبر

درمیانہ ہو جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑا پہنا دینا یا ایک غلام آزاد کرنا جو شخص اس کی طاقت نہ رکھیں تو تین دن روزے رکھے۔

296 12 (میسر، انصاب، ازلام) کسے کہتے ہیں؟

میسر :- جوا

انصاب :- بت کیونکہ ان کو گاڑ کر ان کی پوجا کی جاتی ہے۔

ازلام :- جوئے کے تیر

" 13 (رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ) آیت کا ترجمہ کریں؟

گندی چیزیں ہیں شیطان کے کاموں میں سے ہیں پس تم ان سے بچو۔

" 14 فاجتنبوہ میں ہٗ ضمیر کا مرجع بیان کریں؟

فاجتنبوہ ضمیر کا مرجع رجس ہے۔

297 15 (یا ایھا الذین آمنوا لیبلونکم اللہ بشیء من الصید) آیت کا شان نزول بیان کریں۔

شان نزول :-

جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کا حدیبیہ والے سال شکار کے ذریعے امتحان لیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ حالت احرام میں تھے۔ شکار کی کثرت تھی۔ یہاں تک کہ کجاووں کے گرد شکار جمع ہو جاتے۔ جن کو ہاتھ سے پکڑا جاسکتا تھا اور نیزوں کے ذریعے

Scanned with CamScanner

شکار کیا جا سکتا تھا تو آیت اتری۔

4 ( یَبْلُوَنَّکُمُ ) کا معنی بیان کریں ؟ 16

یبلونکم کا معنی ہے ۔ امتحان لینا ہے ۔ اللہ کی طرف سے
ہو تو اس کا مطلب اب بندے کے متعلق اللہ تعالیٰ کے علم میں جو ہے
اس کو ظاہر کرنے کے لیے (نعوذ باللہ) یہ امتحان غیر معلوم کو
معلوم کرنے کے لیے نہیں ہوتا۔

4 حُرُمٌ کس کی جمع ہے نیز معنی بیان کریں ؟ 17

حُرُمٌ جمع ہے حرام کی ۔ معنی : جب کہ تم محرم ہو ۔

299. ( اُحل لکم صید البحر و طعامہ متاعًا لکم وللسیارۃ ) ترجمہ بیان کریں 19

تمہارے لیے سمندر کا شکار اور اس کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے جو
تمہارے نفع کے لیے اور مسافروں کے لیے واسطے ہے ۔

11 ( متاعًا لکم ) ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے ؟ 20

متاعًا لکم ترکیب میں مفعول لہ ہے

11 ( جعل اللہ الکعبۃ البیت الحرام قیامًا للناس ) ترجمہ کریں ؟ 21

ترجمہ : ۔ کعبہ جو احترام والا گھر ہے اللہ نے اسے لوگوں کے قائم رہنے
کا سبب قرار دیا ہے

11 مذکورہ آیت مبارکہ کی ترکیب بیان کریں ؟ 22

ترکیب : ۔ بیت الحرام یہ کعبہ سے بدل یا عطف بیان ہے
قیامًا مفعول ثانی ہے اور یا قیامًا حال ہے ۔

11 جَعَلَ کے معانی بیان کریں ؟ 23

جَعَلَ کے معنی : ۔ (1) بنانا (2) خَلَقَ کے معنی میں ۔

صفحہ نمبر

24 ( الشھر الحرام ) اس سے کون سا مہینہ مراد ہے؟ 11

جس میں اشوال حج کرتے ہیں۔ اور وہ ذی الحجہ ہے۔

25 حرمت مہینے کتنے اور کون کون سے ہیں؟ 11

حرمت والے مہینے :- رجب ، ذوالقعدہ ، ذوالحجہ ، محرم

26 هدی اور قلائد کسے کہتے ہیں؟ 11

هدی :- وہ جانور جو مکہ کی طرف بطور نیاز کعبہ بھیجا جائے۔

قلائد :- جس جانور کو قلادہ ڈالا گیا ہو اور وہ اونٹ ہے

اس میں ثواب زیادہ ہے اور حج کی رونق اس سے زیادہ ہے۔

27 ( یا ایھا الذین آمنوا ~~لا تسئلو~~ لا تسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم ) آیت کا ترجمہ کریں؟ 300

ترجمہ :-

اے ایمان والو! ایسی چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرو۔ کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تم کو ناگوار ہوں۔

28 اشیاء اصل میں کیا تھا اور یہ کس سے ماخوذ ہے؟ 11

اصل اشیاء دو ہمزہ شیئاءَ ان کے درمیان الف ہے

اور فعلاء کا وزن بنا

29 (ما جعل اللہ من بحیرۃ ولا سائبۃ ولا وصیلۃ ولا حام) ترجمہ کریں 11

ترجمہ :- اللہ نے مقرر نہیں فرمایا نہ کوئی بحیرہ اور نہ کوئی سائبہ نہ وصیلہ اور نہ کوئی حام ۔

Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر

11 بحیرہ، سائبہ، وصیلہ، حام کسے کہتے ہیں؟ 30

بحیرہ: - جب کوئی اونٹنی پانچ بچے جن لیتی جن میں سے آخری نر ہو تو اس اونٹنی کا کان چیر کر اس کو بحیرہ بنا دیتے۔

سائبہ: - آدمی کہتا ہے اگر میں سفر سے واپس لوٹ آیا یا مرض سے صحت یاب ہو گیا تو میری اونٹنی سائبہ ہے نہ سواری کرتے اور نہ نفع اٹھاتے۔

تاڑ + وصیلہ: -

حام: - اگر نر اونٹ سے دس بطن کا بھن ہوتے تو کہتے اس کی پشت گرم ہے اس پر نہ سواری کرتے اور نہ اس پر بوجھ لادا جاتے۔

وصیلہ: - اسی طرح اگر بکری سات بچے جنتی اگر ساتواں بچہ نر ہوتا تو اس کو مرد کھاتے اگر مونث ہوتی اس کو بکریوں میں چھوڑ دیتے

301 ( قالوا حسبنا ما وجدنا علیہ آباءنا ) ترجمہ کریں نیز بتائیں (ما) کس معنی میں ہے؟ 31

ترجمہ: - ہمارے لیے کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔
(ما) ۔ بمعنی الذی ہے۔

صفحہ نمبر

32 (ولا یضرکم من ضل اذا اھتدیتم) اس آیت میں موجود ترکیبی ‫//‬
(لا یضرکم) یہ جملہ مستانفہ ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے یا جواب امر کی وجہ سے مجزوم ہے۔

33 یاایھا الذین امنوا شھادۃ بینکم اذا حضر احدکم الموت (حین الوصیۃ اثنان) ‫//‬
آیت کا شان نزول بیان کریں؟

شان نزول:-

عمرو بن عاص کے مولی بدیل رضی اللہ عنہ شام کی طرف ایک سفر پر نکلے۔ یہ مہاجر ین میں سے تھے۔ تمیم وعدی جو دونوں نصرانی تھے وہ ان کے ساتھ تھے۔ حضرت بدیل رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے انہوں نے ایک پرچہ لکھا جس میں اپنے سارے سامان کا اندراج کیا۔ اور اس کو سامان میں رکھ دیا۔ اور اس رقعہ کی اطلاع اپنے ساتھیوں کو نہ دی۔ اور ان کو وصیت کی کہ یہ سامان میرے گھر والوں کو دینا۔ وہ فوت ہو گئے انہوں نے ان کے سامان کو ٹٹولا اور ایک چاندی کا پیالہ اس میں سے لیا۔ بدیل کے اہل وعیال نے پیالہ نہ پایا تو ان سے پیالہ کا مطالبہ کیا۔ تو انہوں نے انکار کر دیا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں مقدمہ پیش کیا۔ پس یہ آیت اتری۔

صفحہ نمبر

34 مذکورہ آیت میں موجود (اثنان) حالت رفعی میں کیوں ہے؟ //

اثنان شہادۃ مبتدا کی خبر ہے۔ شہادۃ کو مقدر مانا پڑے گا۔ (اثنان) بینکم کا فاعل ہے۔

35 (فإن عُثِرَ علی انّهما استحقّا اثمًا فآخرانِ یقومان مقامهما من الذین استحقّ علیهم الاَولیانِ) ترجمہ لکھیں؟ 302

پھر اگر اس کی اطلاع ملے کہ وہ دونوں گناہ کے مرتکب ہو گئے تو ان کی جگہ ایسے دو آدمی کھڑے ہوں جو ان لوگوں میں سے ہوں جن کے بارے میں پہلے دو شخصوں نے گناہ کا ارتکاب کیا۔

36 (الاولیان) کے ترکیبی احتمال بیان کریں؟ //

1) اولیان مرفوع ہے هما اولیان۔
2) یقومان کی ضمیر سے بدل ہے۔
3) آخران سے بدل ہے۔

38 (إذ قال اللہ یا عیسی ابن مریم اذکر نعمتی علیک وعلی والدتک) کا ترجمہ لکھیں۔ 303

ترجمہ:-
جب اللہ نے فرمایا کہ اے عیسیٰ بن مریم یاد کر میری نعمت جو تجھ پر ہے اور تیری والدہ پر۔

39 مائدہ کسے کہتے ہیں اور یہ کس سے ماخوذ ہے؟ 304

مائدہ: دسترخوان کو کہتے ہے۔ جبکہ اس پر کھانا ہو

Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر

یہ مادہ سے لیا گیا ہے جس کا معنی دینا عطاء کرنا ہے اسکو جو اس کی پڑھتا ہے ۔

304 (عید) کا لغوی معنی بیان کریں؟ 41

عید: لوٹانے، خوشی کو کہتے ہیں ۔

305 (قال اللہ ھذا یومُ ینفع الصادقین صدقھم) میں یومُ مرفوع کیوں ہے؟ 42

یوم مرفوع ہے اور مضاف ہے اس طرح کہ یہ مل کر ھذا کی خبر بنتی ہے ۔

306 (الذی خلق السماوات) میں السماوات کو جمع کیوں ذکر کیا ہے؟ 43

السماوات: جمع لایا گیا ہے کیونکہ آسمان ایک دوسرے پر طبق کی صورت میں ہے الگ الگ شکل والے ہیں ۔

307 قرن کا کیا مطلب ہے؟ وضاحت کریں؟ 44

قرن سے مراد: ہر زمانے والوں کی ختم ہونے کی مدت اور وہ 80 سال یا 70 سال ہے ۔

306 (بربھم یعدلون) کا ترکیبی احتمال بیان کریں۔ 45

(1) بربھم میں باء یہ عدل کا صلہ ہے ۔ کفر وا کا نہیں
(2) یعدلون کے بعد اس کا صلہ عنہ محذوف ہوگا ۔
(3) خلق السماوات پر عطف ہے ۔

صفحہ نمبر

307 (مکّنّاھم) ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے اور ھم ضمیر کا مرجع؟ 46

یہ قرنا کی صفت ہونے کی وجہ سے موضع جر میں ہے اور معنی کے لحاظ سے جملہ ہے۔ ھم ضمیر کا مرجع بنی اسرائیل ہے۔

308 (فانظروا اور ثم انظروا) میں کیا فرق ہے۔ 47

فانظروا میں نظر کو سیر کا مسبب قرار دیا گیا ہے گویا کہ اس طرح کہا گیا۔ سیروا لاجل النظر ولا تسیروا سیر الغافلین کہ تم عبرت کی خاطر سیر کرو۔ اور چلو پھرو۔ اور غافل لوگوں کی طرح مت چلو۔

سیروا فی الارض ثم انظروا کا معنی یہ ہے۔ کہ زمین میں تجارت وغیرہ کی غرض سے بھی سیر و سفر مباح ہے۔ اور ہلاک شدہ لوگوں کے آثار پر غور و فکر واجب ہے۔ اس بات پر تنبیہ کرنے کے لیے ثم لایا گیا۔ کہ مباح اور واجب میں بہت فاصلہ ہے۔

11 (ولقد استهزئ برسل) میں دال پر کیا اعراب آسکتا ہے اور کیوں؟ 48

لقد کا دال ابو عمرو و حفص کے نزدیک مکسور ہے کیونکہ دو ساکن جمع ہیں۔ اور دوسرے قراء نے دال کا ضمہ استهزئ کی تاء کے ضمہ کی اتباع میں پڑھا ہے۔

Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر
11 (سخر وا منھم) میں ھم ضمیر کا مرجع کیا ہے۔ 49
ھُمْ ضمیر کا مرجع رُسُل کی طرف جاری ہے۔
311 (اساطیر) کا معنی کیا ہے اور اس کی واحد کیا ہے۔ 50

معنی:۔ کہانیاں
واحد:۔ اُسطورۃ۔

# تفسیر مدارک

1- (مفاتح) کس کی جمع ہے اور اس کا معنی کیا ہے؟
مفاتح جمع مفتح کی۔ اور وہ مفتاح کو کہتے ہیں۔
دوسرا قول:۔ مفاتیح سے مراد خزائن، عذاب اور رزق ہیں۔
تیسرا قول:۔ لوگوں کی نگاہوں سے جو چیزیں غائب ہیں۔
مثلاً:۔ عقاب، آجال (یعنی موت)

2- (قل اللہ ینجیکم منھا ومن کل کرب ثم انتم تشرکون)
آیت کا ترجمہ کریں۔
آپ فرما دیجئے اللہ تمہیں مصیبت سے نجات دیتا ہے اور ہر بے چینی سے پھر تم شرک کرتے ہو۔

3- عدل کا معنی بیان کریں۔

عدل فدیہ کو کہتے ہیں۔ کیونکہ فدیہ دینے والا مفدی کو اس کی مثل سے برابر کرتا ہے۔

4- (نُسَرُدُّ) کی صرفی تحقیق کریں اور اس معنی کیا ہے؟

نُرَدُّ کا معنی : کیا ہم لوٹائے جائیں گے -

صرفی تحقیق : - نُرَدُّ علی اعقابنا کی ضمیر سے حال ہونے کی بناء پر منصوبہ ہے

5- (یوم یقول کن فیکون قولہ الحق) کی ترکیب بیان کریں-

قولہُ الحق یہ مبتدا ہے یوم یقول اس کی خبر مقدم ہے ،

6- (صمن کی لغت میں (صور) کسے) (لہ الملک یوم ینفخ فی الصور) آیت کا ترجمہ کریں- اسی کے لیے ساری حکومت -

جس دن صور پھونکا جائے گا

7- مذکورہ آیت (لہ الملک) اور (یوم ینفخ) ترکیب کلام کیا واقع ہو رہا ہے ،

لہ الملک یہ مبتدا کی خبر ہے - یوم ینفخ یہ لہ الملک کا ظرف ہے

8- صمن کی لغت میں (صور) کسے کہتے ہیں - اور کس کی جمع ہے؟

فی الصور لغت میں صور سینگ کو کہتے ہیں

یہ صُورَۃٌ کی جمع ہے ،

9- حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام اور لقب کیا تھا -

حضرت ابراہیم کے والد کا نام آزر نہیں یہ آپ کے چچا کا نام ہے - یا لقب ہے کیونکہ نسابین کے مابین کے اختلاف ہے کہ ان کے والد کا نام تارخ ہے

Scanned with CamScanner

10- (إنّي أراك وقومك في ضلٰلٍ مبين) ترجمہ کریں۔
بے شک میں تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھ رہا ہوں

11- ملکوت اور ملک میں سے زیادہ بلیغ کون سا ہے مع وجہ بیان کریں۔
الملکوت یہ الملک سے زیادہ بلیغ ہے۔ کیونکہ اس میں واو اور تاء مبالغہ کے لیے بڑھائے گئے ہیں۔

12- (و نری ابراھیم ملکوت السموات والارض) اس آیت کی مجاہد نے کیا تفسیر کی ہے۔؟
مجاہد کہتے ہیں ان کے لیے ساتوں آسمان کھول دیئے گئے آپ نے ان کے مابین جو کچھ تھا وہ دیکھا، حتّی کہ ان کی نگاہ عرش الٰہی تک پہنچی۔ اور ساتوں زمینیں کھول دی گئیں۔ حتّی کہ جو کچھ ان میں تھا وہ دیکھا۔

13- (فلما رأ الشمس بازغۃ قال ھذا ربی فلما افلت قال یقوم انی بریٓء مما تشرکون) ترجمہ کریں۔
ترجمہ:-
پھر جب سورج کو چمکتا ہوا دیکھا تو آپ نے کہا کہ یہ میرا رب ہے یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب سورج غروب ہو گیا تو کہا اے میری قوم! میں ان چیزوں سے بری ہوں۔ جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو۔

14- (حنیفًا کا) وجھتُ سے ربط کیا ہے۔
اس ذات کے لیے کہ یہ چیزیں تمام دلالت کرتی ہیں کہ وہی ان کا بنانے والا ہے (حنیفًا) حال ہے۔ یعنی تمام ادیان سے اسلام

Scanned with CamScanner

کی طرف شامل ہونے والا ہے۔

75- (اتحاجونی) میں دیگر قراءت بیان کریں۔

اُتُحَاجُونِّی :-
تحقیقِ نون کے ساتھ مدنی اور ابن ذکوان نے پڑھا ہے

76- (تلک حجتنا) اس آیت میں کن کی طرف اشارہ ہے؟

ان تمام دلائل کی طرف اشارہ ہے جن سے ابراہیم علیہ السلام نے حجت پکڑی اپنی قوم کے خلاف۔

17- (کُلًّا ھدینا) کلًّا اصل میں کیا تھا اور یہ منصوب کیوں ہے؟

کُلًّا اصل میں کُلًّا واحد تھا مضاف الیہ کے عوض میں کلًّا پر تنوین لائے کُلًّا پر نصب ھَدَیْنَا کی وجہ سے ہے۔

18- (کذلک نجزی المحسنین) ترکیبِ کلام میں کیا واقع ہو رہا ہے،
مفعول واقع ہو رہا ہے۔

19- (لیسوا بھا بکفرین) میں پہلا باء کس لیے ہے اور دوسرا کس لیے؟

لیسو بھا میں باء کافرین کے صلہ کے طور پر لائی گئی ہے۔
اور بکفرین میں باء نفی کی تاکید ظاہر کرنے کے لیے لائے۔

Scanned with CamScanner

20. (قل من انزل الکتب الذی جاء بہ موسیٰ نورًا) ترجمہ کریں۔

آپ فرما دیں کہ کس نے اتاری وہ کتاب جسے موسیٰ لے کر آئے جو نور تھی۔

21. مذکورہ آیت میں (نورًا) ترکیب کلام میں کیا واقع ہو رہا ہے؟

(نورًا) بہ کی ضمیر سے حال واقع ہو رہا ہے۔

22. (ولتنذر ام القریٰ ومن حولہا) ترجمہ کریں نیز قراءت شاذہ بیان کریں۔

آپ مکہ والوں کو اور اس کے آس پاس کے رہنے والوں کو ڈرائیں۔

23. (ام القریٰ) اور (من حولہا) سے کیا مراد ہے۔

ام القریٰ، مکۂ مکرمہ۔ اس کو ام القریٰ اس لیے کہتے ہیں کیونکہ یہ زمین کی ناف ہے اہل قریٰ کے لیے قبلہ ہے اور شان میں سب سے بڑھ کر ہے۔

من حولہا سے مراد اہل مشرق و مغرب ہے۔

24. ..کا فظوں کی صرفی تحقیق بیان کریں۔

25. (ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذبًا) ترجمہ نیز کون شخص مراد ہے؟

ترجمہ: اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے۔

شخص مراد: مالک بن الصیف۔

26. (او قال اوحی الیّ ولم یوح الیہ شیء) ترجمہ کریں نیز بتائیں اس سے کون سا بدبخت مراد ہے۔

Scanned with CamScanner

یوں کہے کہ میری طرف وحی کی گئی حالانکہ اس کی طرف کچھ وحی نہیں کی گئی۔

شخص مراد :۔ مسیلمہ کذاب۔

27- (ومن قال) کا محلاً اعراب بیان کریں۔

ممن قال یہ موقع جر میں ہے اس کا عطف ممن افتری پر ہے یعنی عمن قال۔

28- (فرادی) کی واحد کیا آتی ہے؟

فردٌ اس کی واحد ہے۔

29- (لقد تقطع بینکم) ترجمہ نیز بین کا معنی بیان کریں!

تمہارا آپس کا تعلق منقطع ہو گیا۔ بین کا لفظ وصل و ہجر دونوں کے لیے بولا جاتا ہے۔

30- (والشمس والقمر) منصوب کیوں ہیں؟

یہ دونوں جعل فعل کی وجہ سے منصوب ہے اور اس پر دلیل جاعل اللیل ہے۔

31- حسبانا کس باب سے ہیں؟

حسبانا کا باب حسب یحسب

32- (ومن النخل من طلعها قنوان) آیت میں قنوان مرفوع کیوں ہے اور کس کی جمع ہے؟

Scanned with CamScanner

قنوانٌ یہ مبتدا کی بناء پر مرفوع ہے۔ من النخل اس
خبر مقدم ہے۔
قنوانٌ جمع ہے قنو کی۔

33- (وجعلوا للہ شرکاء الجن) آیت میں جعلوا کتنے اور کونسے
کونسے مفعولوں کی طرف متعدی ہے۔
دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ دو توا لجن شرکاء سے
بدل ہے۔ ورنہ شرکاء الجن دونوں مفعول ہے۔

34- (خرقوا) کا معنی بیان کریں اور قراءت بیان کریں۔
معنی:- تراش رکھے ہیں
قراءت:- خرّقوا تشدید کے ساتھ کثرت کا معنی پیدا کرتا
ہے مرنی نے اس طرح پڑھا ہے۔

35- (قد جاءکم بصائر من ربکم فمن ابصر فلنفسہ)
ترجمہ نیز بتائیں بصائر کس کی جمع ہے؟
تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے بصیرت والی چیزیں آچکی
ہے سو جو شخص دیکھے گا سو وہ اپنے ہی لیے ہے۔
بصائر کی واحد البصر ہے۔

36- (دَرَسْتَ) کا معنی بیان کریں اور صرفی تحقیق بیان
کریں۔
معنی:- آپ نے پڑھ لیا۔
صرفی تحقیق:- صیغہ واحد مذکر حاضر
فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مجرد صحیح ازباب (نصر)

Scanned with CamScanner

37- ( وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَا إِلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتَىٰ وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا ) ترجمہ کریں۔

ترجمہ:- اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اتار دیں اور ان سے مردے بات کر لیں۔ اور ہم جمع کر دیں ان پر ہر چیز ان کے آمنے سامنے

38- ( قبلا ) کی واحد کیا آتی ہے اور اس میں قراءت شاذہ بیان کریں؟

قُبُلًا: جمع ہے قبیل کی بمعنی کفیل

قراءت:- مدنی اور شامی نے مصدر کے ساتھ پڑھا ہے۔

39- ( إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ) ترجمہ کریں۔

بے شک آپ کا رب اس شخص کو خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹکتا ہے۔ اور اللہ ہدایت پر چلنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

40- فُصِّلَ اور حَرَّمَ دونوں کی صرفی تحقیق بیان کریں۔

صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل

41- ( يَقْتَرِفُونَ ) کس سے مشتق ہے اور اس کا معنی بیان کریں۔

تفعیلاً سے مشتق ہے۔ اس کا معنی: وہ کما رہے وہ گئے۔

42- غیر اللہ کے نام پر ذبح کیے گئے جانور کا گوشت کھانے کا حکم کیا ہے۔

غیر اللہ کے نام پر ذبح کیے ہوئے جانور کو نہ کھاؤ۔

Scanned with CamScanner

43- (جعلنا فی کل قریۃ اکبر مجرمیھا لیمکروا فیھا) ترجمہ کریں؟

ہم نے ہر بستی میں وہاں کے بڑوں کو مجرم بنادیا۔ تاکہ وہ اس میں مکر کریں۔

44- مذکورہ آیت میں (جعلنا) کن دو مفعولوں کی طرف متعدی ہے؟

یہ مفعول اوّل ہے اور فی کل قریۃ دوسرا مفعول ہے اور مجرمیھا یہ اکبر سے بدل ہے یا اول مفعول مجرمیھا مفعول دوم۔

45- (من یرد ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا) ترجمہ کریں؟

جس کے بارے میں یہ ارادہ فرمائے کہ اسکو گمراہ فرمائے اس کے سینہ کو تنگ کر دیتا ہے۔

46- (حرجا) ترکیب کلام میں کیا واقع ہو رہا ہے۔

47- (ان ما توعدون لآت) آیت میں (ما) کس معنی میں ہے اور لآت ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے۔

(ما) بمعنی الذی ہے اور لآت ان کی خبر ہے۔

48- (وکذلک زین لکثیر من المشرکین قتل اولادھم) ترجمہ کریں۔

Scanned with CamScanner

اور اسی طرح مشرکین کے لیے ان کے شرکاء نے ان کا اولاد کا قتل کرنا مزین کر دیا۔

49- مذکورہ آیت کی ترکیب بیان فرمائیں؟

قتلَ یہ زَیَّنَ کا مفعول ہے۔ اولادھم شرکاءُھم یہ زیّنَ کا فاعل ہے۔

50- (خالصۃٌ) کا معنی کیا ہے اور یہ مؤنث کس وجہ سے ہے؟

معنی: خالص ہے۔

خالصۃ کا لفظ مؤنث ہے حالانکہ وہ (ما) کی خبر ہے معنی کا لحاظ کرکے ایسا کیا گیا ہے، کیونکہ (ما) یہ (اجنۃ) کے معنی میں ہیں۔


آصف علی عطاری
0306-6788071
جامعۃ المدینہ فیضان محبوب ٹاؤن اوکاڑہ


Scanned with CamScanner